Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ - جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۰ - اپریل سنہ ۱۹۱۶ء	نمبر ۱۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت درخواست اخراج شریک مستاجری	۱و۲
۲	اضافہ گرداوری و تنخواہ تحصیل ملک	۱
۳	اضافہ خورشید حسن بیگ	۲
۴	نقشہ نرخ غلہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

مصدرہ مثل رپورٹ رسالدار صاحب صدر باطلاع فوتی کنور سین مستاجر سویا پرگنہ شاہ آباد باظہار نارضامندی از تکمیل اخراج حصہ متوفی بجانب عاشق علیخان شریک مستاجری موضع مذکور

اگر کسی موضع کی مستاجری مین دو یا چند اشخاص شریک ہون اور منجملہ شرکا کے

کوئی شریک فوت یا فرار ہوجائے تو اُسکے حصہ کا داخل خارج بقیہ شرکا کو اپنے نام کرانا ہوگا۔ اگر شرکا مذکور حصہ متوفی یا مفرور کا داخل خارج اپنے نام نہ کراوین تو بلا لحاظ رضامندی شرکا موضع خام کر لیا جائیگا۔ اور بنگام نیلام ثانی جو کمی نیلام واقع ہوگی اُسکا بار شرکا موجودہ کو اپنے اپنے حصہ کے بقدر برداشت کرنا ہوگا۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۵ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

مشمولہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست در بارہ اضافہ تنخواہ حسین خان گرداور قانونگوے تحصیل ملک مشاہرہ دار سترہ روپیہ ماہوار حسب استدعا تحصیلدار ملک۔

حکم ہوا کہ

رقبہ غلط لکھنے کے متعلق ۲۵ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء کو موافق رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست اس گرداور پر ایک روپیہ جرمانہ ہوا ہے جسکو ابھی کچھ مدت نہیں گذری۔ اب صاحب مہتمم بندوبست پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کی رپورٹ کرتے ہیں اس گرداور کی تنخواہ سترہ روپیہ ہے ایک دوسرے گرداور کے سولہ روپیہ ہیں لہذا بوجہ سفارش صاحب مہتمم بندوبست سردست ایک روپیہ ماہوار اضافہ اس گرداور کی تنخواہ مین منظور کیا جاتا ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم صاحب ریونیو سکریٹری بہادر اضافہ

۸ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر مشمولہ حاکم صاحب در بارۂ اضافہ تنخواہ خورشید حسن بیگ معاون محافظان بوجہ حسن انجام خدمت متعلقہ دفتر انگریزی خوشخطی ملاحظہ ہو کر دو روپیہ اضافہ تنخواہ موجودہ نامبردہ مین کیا گیا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور بابت ۳ اپریل لغایتہ ۹ اپریل

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸؍ار	۰	۹؍ار	۸؍ار	۸؍ار	۹؍ار	
نخود خالص	۱۱؍ار	۰	۱۱؍ار	۱۳؍ار	۱۲؍ار	۱۲؍ار	
نخود کسہ آمیز	۱۳؍ار	۰	۱۲؍ار	۱۴؍ار	۱۳؍ار	۱۳؍ار	
گہ	۱۴؍ار	۰	۱۲؍ار	۱۵؍ار	۱۳؍ار	۱۴؍ار	
ماش	۷؍ار	۰	۸؍ار	۷؍ار	۷؍ار	۸؍ار	
مونگ	۸؍ار	۰	۸؍ار	۸؍ار	۷؍ار	۷؍ار	
مکا	۱۶؍ار	۰	۱۷؍ار	۱۷؍ار	۱۶؍ار	۱۶؍ار	
جئی	۱۳؍ار	۰	۱۲؍ار	۱۴؍ار	۱۴؍ار	۱۴؍ار	
گوجئی	۰	۰	۱۰؍ار	۱۲؍ار	۱۲؍ار	۱۲؍ار	
عدس	۱۱؍ار	۰	۱۲؍ار	[illegible]	۱۰؍ار	۱۱؍ار	
ارہر	۱۱؍ار	۰	۱۲؍ار	۱۰؍ار	۱۰؍ار	۰	
برنج	۷؍ار		۶؍ار	۶؍ار	۷؍ار	۷؍ار	
روغن زرد	۰؍ار		۰؍ار	۰؍ار	۰؍ار	۰؍ار	
روغن سیاہ	۳؍ار		۲؍ار	۲؍ار	۲؍ار	۳؍ار	
روغن کنجد	۱؍ار		۳؍ار	۱؍ار	۳؍ار	۱؍ار	
نمک سانبھر	۱۱؍ار		۱۳؍ار	۱۱؍ار	۱۰؍ار	۱۳؍ار	
نمک لاہوری	۰		۱۱؍ار	۸؍ار	۱۰؍ار	۱۳؍ار	
قند سیاہ	۵؍ار		۵؍ار	۶؍ار	۵؍ار	۶؍ار	
باجرہ	۱۳؍ار		۱۱؍ار	۱۲؍ار	۱۲؍ار	۰	